Daily The NEW NATION

Pages: 6 Saturday 9 August 2025, Safar 14 , 1447 A.H

Daily The NEW NATION

# Federal Ombudsman's Inspection Team Visits Benazir Income Support Programme

**The Benazir Income Support Programme (BISP) assistance for deserving women should be transferred directly to their bank accounts, the Federal Ombudsman stated. The reasons for not providing BISP assistance must be clearly explained, said Ejaz Ahmed Qureshi.**



**Sargodha (Asma Malik)**

– To review the large number of complaints against the Benazir Income Support Programme (BISP), the Federal Ombudsman Ejaz Ahmed Qureshi sent an inspection team led by Senior Advisor Ahmad Farooq to the BISP head office yesterday. The team included Federal Ombudsman Registrar Muhammad Saqib Khan, Consultant Khalid Sial, Deputy Registrar Samiullah, and ALO Ejaz Hussain Dar. The team has submitted its preliminary report to the Federal Ombudsman.The Ombudsman instructed the BISP administration to:Transfer the financial aid directly to the bank accounts of deserving women.Conduct inquiries against officials demanding bribes and send a report to the Federal Ombudsman.Provide clear written reasons for rejecting aid requests instead of forcing poor women to make repeated visits to the offices.Avoid writing dates or other information on national identity cards with indelible ink.During the visit, women present at the BISP office told the inspection team that they are repeatedly forced to visit the office, and before receiving approved aid, bribes are demanded. In cases of rejection, instead of giving a clear explanation, officials write a future date on their ID cards with indelible ink and send them away, which also damages their ID cards.Earlier, during a detailed briefing to the Federal Ombudsman's team about various BISP projects, it was stated that the programme is currently providing assistance to over 10 million deserving women, along with aid for children's education, and nutrition for newborns to support their health and growth.The Federal Ombudsman's team also visited BISP's integrated facilitation centre in G-7, where hundreds of women from remote areas were waiting for their turn for surveys and aid. The team directed the administration to make necessary arrangements to ensure prompt hearing and assistance for these women.

ABC Certified
پاکستان کی نظریاتی اساس کا علمبردار اور عوام کی امنگوں کا عکاس
https://asas.pk/
asaslhr@gmail.com

روزنامہ اساس لاہور
Daily Asas
ایڈیٹر انچیف
شیخ افتخار عادل
لاہور، فیصل آباد، راولپنڈی، اسلام آباد، کراچی اور مظفر آباد آزاد کشمیر سے بیک وقت شائع ہوتا ہے

جلد 28 شمارہ 325 | ہفتہ 14 صفر المظفر 1446ھ 9 اگست 2025ء 25 ساون 2081 ب | قیمت 15 روپے

# وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کا بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کا دورہ

## بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام مستحق خواتین کی امداد ان کے بینک اکاؤنٹ میں ارسال کی جانی چاہیئے، وفاقی محتسب

## BISP امداد نہ دینے کی وجوہات واضح طور پر بتائی جائیں۔ اعجاز احمد قریشی

## امداد کی مستحق خواتین سے رشوت طلب کرنے والے اہلکاروں کے خلاف انکوائری کرنے کی ہدایت



سرگودہا (بیورو رپورٹ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کے خلاف بڑی تعداد میں شکایات کا جائزہ لینے کے لئے سینئر ایڈوائزر احمد فاروق کی سربراہی میں ایک معائنہ ٹیم گزشتہ روز (BISP) کے ہیڈ آفس بھیجی۔ ٹیم میں وفاقی محتسب کے رجسٹرار محمد ثاقب خان، کنسلٹنٹ خالد سیال، ڈپٹی رجسٹرار سمیع اللہ اور اے ایل او اعجاز حسین ڈار شامل تھے۔ ٹیم نے اپنی ابتدائی رپورٹ وفاقی محتسب کو پیش کردی ہے۔ وفاقی محتسب نے بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ امدادی رقم مستحق خواتین کے بینک اکاؤنٹ میں بھیجی جائے، رشوت طلب کرنے والے اہلکاروں کے خلاف انکوائری کرکے وفاقی محتسب کو رپورٹ ارسال کی جائے، امدادی رقم کے لئے نااہل قرار دی جانے والی غریب خواتین کو بار بار دفتروں کے چکر لگوانے کے بجائے امداد نہ دینے کی وجوہات کے ساتھ واضح تحریری جواب دیا جائے اور کسی کے شناختی کارڈ پر انمٹ سیاہی کے ساتھ تاریخ وغیرہ تحریر نہ کی جائے۔ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے دورہ کے دوران وہاں پر موجود خواتین نے وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کو بتایا کہ مستحق خواتین کو بار بار چکر لگوائے جاتے ہیں اور منظور شدہ امداد دینے سے قبل رشوت طلب کی جاتی ہے نیز نااہلی کی صورت میں غریب خواتین کو کوئی واضح جواب دینے کی بجائے ان کے شناختی کارڈ پر انمٹ سیاہی سے چند ماہ بعد کی تاریخ ڈال کر ان کو واپس بھیج دیا جاتا ہے، جس سے ان کا شناختی کارڈ بھی خراب ہوجاتا ہے۔ قبل ازیں وفاقی محتسب کی ٹیم کو بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے مختلف پراجیکٹس کے بارے میں تفصیلی بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ ادارہ اس وقت ایک کروڑ سے زائد مستحق خواتین کو امداد دے رہا ہے نیز بچوں کی تعلیم اور نوزائیدہ بچوں کی صحت اور نشوونما کے لئے امداد اور صحت مند خوراک دی جاتی ہے۔ وفاقی محتسب کی ٹیم نے BISP کے یکجا سہولیاتی مرکز G-7 کا بھی دورہ کیا جہاں سروے اور امداد کے لئے دور دراز سے آنے والی سینکڑوں خواتین اپنی باری کی منتظر تھیں۔ ٹیم نے انتظامیہ کو ہدایت کی کہ ان کی فوری شنوائی کے لئے ضروری انتظامات کئے جائیں۔